سوال

(138) فجر کے وقت وضو کر کے پہنی ہوئی جرابوں پر باقی تمام نمازوں کے وقت مسح کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر صبح کی نماز کے لیے مکمل وضو کر کے جرابیں پہن لی جائیں تو کیا باقی نمازوں میں وضو کرتے وقت جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جرابوں یا موزوں پر مسح کی مدت ایک دن اور ایک رات بیان ہوئی ہے، بشرطیکہ آدمی مسافر نہ ہو اور مسافر کے لیے تین دن اور انکی راتیں ہیں۔ (صحیح مسلم، بَابُ التَّوْقِیتِ فِی الْمَسْحِ عَلَی الْخُفَّیْنِ، رقم: ۲۷۶)

لہٰذا اتنی مدت کے اندر مسح کرنا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 155

محدث فتویٰ